GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

رائے عامہ سروے

## ہسٹری پولز

# گزشتہ سالوں کے دوران، سفید گوشت کے استعمال کی شرح میں اضافہ ہوا ہے (2005 میں سفید گوشت کے استعمال کی شرح 41% تھی جو 2022 میں بڑھ کر 53% ہو گئی ہے)، جبکہ سرخ گوشت کے استعمال کی شرح میں کمی آئی ہے (2005 میں سرخ گوشت کے استعمال کی شرح 59% تھی جو 2022 میں کم ہو کر 40% ہو گئی ہے)، جو کہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وقت کے ساتھ لوگوں کے کھانے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے۔

(گیلپ اور گیلانی پاکستان ہسٹری پروجیکٹ)،

(اسلام آباد)، 21 جولائی، 2022


سال 2005 میں کیئے گئے گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان نیشنل سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ خواتین و حضرات سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے گھرانے میں عام طور پر کونسا گوشت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ سفید گوشت (یعنی مرغی اور مچھلی) یا سرخ گوشت (بکرے اور گائے کا گوشت)؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 41% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے گھرانے میں سفید گوشت (یعنی مرغی اور مچھلی) کا زیادہ استعمال ہوتا ہے، جبکہ 59% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے گھرانے میں سرخ گوشت (بکرے اور گائے کے گوشت) کا زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

**نتائج کا موازنہ:** یہ سوال 2022 میں دوبارہ پوچھا گیا تاکہ گزشتہ سالوں کے نتائج سے موازنہ کیا جا سکے۔ 2022 میں اس سوال کے جواب میں، 53% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے گھرانے میں سفید گوشت (یعنی مرغی اور مچھلی) کا زیادہ استعمال ہوتا ہے، 40% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے گھرانے میں سرخ گوشت (بکرے اور گائے کے گوشت) کا زیادہ استعمال ہوتا ہے، جبکہ 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**گزشتہ سالوں کے نتائج کا موازنہ:** گزشتہ سالوں کے دوران، سفید گوشت کے استعمال کی شرح میں اضافہ ہوا ہے (2005 میں سفید گوشت کے استعمال کی شرح 41% تھی جو 2022 میں بڑھ کر 53% ہو گئی ہے)، جبکہ سرخ گوشت کے استعمال کی شرح میں کمی آئی ہے (2005 میں سرخ گوشت کے استعمال کی شرح 59% تھی جو 2022 میں کم ہو کر 40% ہو گئی ہے)، جو کہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وقت کے ساتھ لوگوں کے کھانے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے۔

اس پریس ریلیز کو گیلپ پاکستان کے تاریخی پراجیکٹ کے حصّے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد تاریخی تجرباتی اعداد و شمار کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا ہے۔ مزید یہ کہ اس کا مقصد پاکستان میں عملی طور پر کی جانے والی فیصلہ سازی کو برقرار رکھنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

**"آپ کے گھرانے میں عام طور پر کونسا گوشت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ سفید گوشت (یعنی مرغی اور مچھلی) یا سرخ گوشت (بکرے اور گائے کا گوشت)؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کا مقصد اور وجوہات :

بلال آئی گیلانی جو گیلپ پاکستان میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کے ڈائریکٹر ہیں، اس پروجیکٹ کے مقصد کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں: "گیلپ پاکستان 1979 (گذشتہ 40 سال) سے پاکستان میں سروے کر رہا ہے۔ اُس وقت سے لیکر گیلپ کے ہزاروں انٹرویورز نے اب تک لاکھوں کے قریب جوابدہندگان سے سروے کیے ہیں۔ 2014 میں، گیلپ پاکستان نے اپنے ماضی سے تعلق رکھنے والے اعداد و شمار نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ یہ تمام کوشش اُن افراد کے لیے وقف کی گئی ہیں جو پاکستان کے مسائل کو عملی طور پر سمجھنا چاہتے ہیں"۔ گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کی مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں caf@gallup.com.pk

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, July 21, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: [www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com)*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)